سوال

(193) تعزیت کے آداب ودعاء بتائیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

تعزیت کے آداب ودعاء بتائیں۔ (عبدالغنی عاصم۔ لسبیلا) (۵ مئی ۲۰۰۰ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

تعزیت کرنا سنت ہے کیونکہ اس سے پریشان حال کی دلجوئی ہوتی ہے۔ اوراس کےلیے بھلائی کی دعاء بھی ہونی چاہیے۔ اس میں کوئی فرق نہیں مرنے والاچھوٹا ہو یا بڑااور نہ تعزیت کے لیے کوئی مخصوص الفاظ ہیں۔ بلکہ مناسب آسان جو بھی الفاظ ہوں، ان سے تعزیت ہو سکتی ہے اور نہ اس کےلیے کوئی وقت یا دن مقرر ہے۔ تعزیت کےلیے مخصوص ہیئت میں مخصوص دن بیٹھے رہنا سنت سے ثابت نہیں۔ اس سے اجتناب ضروری ہے۔ صحیح حدیث میں ہے : ''جو دین میں اضافہ کرے وہ مردود ہے۔''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3،کتاب الجنائز:صفحہ:213

محدث فتویٰ